**19-07-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں

**Music**

------------------------------------

1 مائیکرو سافٹ ونڈو نے عالمی سطح پر خدمات رُک جانے کی اطلاع دی ہے، جس کی وجہ سے کاروبار، بینکنگ خدمات، بین الاقوامی ایئر لائنز اور میڈیا کے کام کاج میں رُکاوٹ آگئی ہے۔

2 گونڈہ میں ریل حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر چار ہوگئی ہے۔ ریل گاڑیوں کے راستوں میں تبدیلی کردی گئی ہے۔

3 **NIA** نے دہشت گرد نیٹ ورک کیس میں خالصتانی دہشت گرد لکھبیر سنگھ سَندھو عرف لانڈا کے ایک قریبی ساتھی کو گرفتار کیا ہے جو مہلک ہتھیاروں کی سپلائی میں ملوث تھا۔

4 بنگلہ دیش میں ریزرویشن مخالف مظاہروں میں مرنے والوں کی تعداد **39** ہوگئی ہے۔ ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن نے اپنے شہریوں کو آس پاس کے سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

5 اور...... نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر من سکھ مانڈویا نے نئی دلی میں، ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کی شناخت کی کھیلو انڈیا پہل کیرتی کا افتتاح کیا ہے۔

------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**worldwide IT**

دنیا بھر کے لاکھوں لوگ، مائیکرو سافٹ کے، سافٹ وئیر میں رُکاوٹ آجانے سے متاثر ہوئے ہیں۔ اس رُکاوٹ کے سبب دنیا بھر میں بہت سے تجارتی اداروں، بینک خدمات اور بین الاقوامی ایئر لائنز پر اثر پڑا ہے۔ بھارت میں انڈی - گو، اَکاسا اور اسپائس جیٹ ایئر لائنز میں چیک-اِن، کام کاج میں رُکاوٹ آئی۔ دنیا بھر کی ایئر لائنز نے خبر دی ہے کہ اُن کا چیک-اِن نظام آج صبح سے ہی رُکاوٹ کا شکار ہے۔ وہ فی الحال اِس رُکاوٹ کو ختم کرنے کیلئے مائیکرو سافٹ کے ساتھ کام کررہی ہیں۔ ممبئی ہوائی اڈہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے البتہ دلی ہوائی اڈے پر اس کے اثرات برائے نام ہیں۔ اس ہوائی اڈے پر ٹرمنل **2** پر رُکاوٹ آئی ہے۔ اس رُکاوٹ کے سبب پورے امریکہ میں پروازوں کو زمین پر اتارنے اور منسوخ کرنے کے کام کاج میں رُکاوٹ آئی ہے۔ بڑے پیمانے پر جاری اس رکاوٹ کا تعلق مبینہ طور پر امریکہ میں قائم سائبر سیکورٹی فراہم کرنے والی کمپنی **Crowd Strike** سے ہے۔**x**

**Train Derailment**

اترپردیش میں گونڈہ ریل حادثے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد چار ہوگئی ہے، کیونکہ آج لکھنؤ کے ایک اسپتال میں ایک شخص زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا اور ٹرین کے ایک **Wagon** کوچ سے آج ایک اور لاش برآمد ہوئی ہے۔دو دیگر زخمی افراد کی

حالت نازک ہے۔ ریلویز سے موصولہ اطلاعات کے مطابق کل سہ پہر ڈبروگڑھ جانے والی ٹرین کے 21 ڈبے پٹری سے اُتر گئے تھے، جس سے 30 افراد زخمی ہوگئے تھے۔لکھنؤ گواہاٹی ریل راستے کو بحال کیے جانے کا کام جنگی پیمانے پر جاری ہے۔ اس دوران ٹرینوں کے راستے تبدیل کردیئے گئے ہیں۔x

**NIA- Khalistan**

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے، ایک بڑے دہشت گرد نیٹ ورک کیس میں، خالصتانی دہشت گرد لکھبیر سنگھ سَندھو، عرف لانڈا کے ایک قریبی ساتھی کو گرفتار کیا ہے، جو مہلک ہتھیاروں کی سپلائی میں ملوث تھا۔ NIA نے کل مدھیہ پردیش کے بدوانی ضلعے سے تعلق رکھنے والے بلجیت سنگھ کو گرفتار کیا ہے۔NIA کے مطابق بلجیت سنگھ، پنجاب میں لانڈا کے ایجنٹس کو بڑے پیمانے پر ہتھیاروں کی سپلائی کرتا تھا۔ ان ہتھیاروں کو دہشت گردانہ سرگرمیوں میں استعمال کیا جاتا تھا، جن میں تجارت پیشہ اور دیگر افراد سے، روپیہ پیسہ چھیننے کے معاملات بھی شامل ہیں۔NIA کی تفتیش سے پتہ چلا ہے کہ بلجیت سنگھ نے، خالصتانی دہشت گرد ستنام سنگھ ستّا کو بھی ہتھیار فراہم کئے تھے۔ NIA نے اسے پنجاب اور دیگر جگہوں پر تشدد آمیز سرگرمیاں انجام دے کر ملک کو غیر مستحکم بنانے کے لئے مختلف ممنوعہ خالصتانی دہشت گرد تنظیموں کی ایک بڑی سازش قرار دیا ہے۔ NIA نے بتایا کہ لانڈا اور ستّا دونوں کے بارے میں خیال ہے کہ یہ ملک میں دہشت پھیلانے کے لئے بیرون ملک سے اپنی کارروائیاں انجام دے رہے تھے۔x

**Ranchi Neet Paper leak**

تحقیقاتی ایجنسی CBI نے رانچی انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سروسز (RIMS) کی ایک طالبہ کو گرفتار کیا ہے۔ اُسے NEET UG داخلے کے سوالنامے کو اِفشاء کرنے کے کیس میں گرفتار کیا گیا ہے۔ CBI نے اُس کا موبائل، لیپ ٹاپ اور دیگر الیکٹرانک آلات برآمد کئے ہیں۔جھارکھنڈ کے رام گڑھ ضلع کی رہنے والی سُربھی کماری نے مبینہ طور پر پیپر افشاء کیس سے فائدہ اٹھانے والے طلبا کے لئے NEET امتحان کے سوالنامے حل کئے تھے۔x

**PM Ursula**

وزیراعظم نریندرمودی نے یوروپین کمیشن کی صدر کی حیثیت سے دوبارہ منتخب ہونے پر Ursula von der Leyen کو مبارک دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ عالمی بھلائی کیلئے اہمیت کی حامل شراکت داری کو مستحکم کرنے کیلئے مل کر کام کرنے کے متمنی ہیں۔کمیشن کی صدر کے حیثیت سے یہ اُن کی دوسری مدت کار ہوگی۔

**PM Lockheed Martin**

وزیراعظم نریندرمودی نے دفاعی سازوسامان تیار کرنے والی کمپنی Lockhead Martin کے میک اِن انڈیا اور میک فار ورلڈ ویژن کو اپنانے کی سمت عہد بستگی کی ستائش کی ہے۔ Lockhed Martin کے سی ای او Jim Taiclet نے کل جناب مودی سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ مین جناب مودی نے کہا کہ Lockhead Martin بھارت- امریکہ ایرو اسپیس اور دفاعی صنعتی تعاون میں ایک کلیدی شراکت دار ہے۔x

**PM Mann Ki Baat**

وزیراعظم نریندرمودی نے آئندہ من کی بات پروگرام کے لیے حاصل تجاویز پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ یہ پروگرام اس مہینے کی 28 تاریخ کو نشر کیا جائے گا۔آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انہیں آئندہ من کی بات پروگرام کے تعلق سے بہت سی رائے اور تجاویز موصول ہورہی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ انہیں بالخصوص نوجوانوں کی اُن مشترکہ کوششوں کو دیکھ کر خوشی ہوئی، جس کا مقصد سماج کو یکسر تبدیل کرنا ہے۔ وزیراعظم نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ My Gov پلیٹ فارم ، NaMo ایپ یا مفت ٹیلی

فون نمبر ایک آٹھ صفر صفر ایک ایک سات آٹھ صفر صفر پر اپنے پیغام ریکارڈ کرانے کے سلسلے کو جاری رکھیں۔x

## Bangladesh Protests

بنگلہ دیش میں کوٹے کیخلاف جاری احتجاج میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 39 ہوگئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق طلبہ کے احتجاج سے ملک میں تشدد میں تیزی آ گئی ہے۔ یہ طلبہ سرکاری نوکریوں کے لیے کوٹہ سسٹم میں اصلاحات کا مطالبہ کررہے ہیں۔ ملک میں جاری انتشار کے نتیجے میں بنگلہ دیش میں ٹیلی ویژن نیوز چینلز کو بند کردیا گیا ہے، ٹیلی مواصلات خدمات میں رخنہ پڑا ہے اور کئی نیوز پیپر ویب سائٹس اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس کام نہیں کررہے ہیں۔ ملک میں جاری احتجاج کے تناظر میں موبائل انٹرنیٹ خدمات بھی عارضی طور پر معطل کردی گئی ہیں۔ قانون کے وزیر انیس الحق نے بتایا ہے کہ حکومت احتجاجیوں سے بات کرنا چاہتی ہے۔ ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن نے اپنے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ مقامی سفر سے گریز کریں اور ضرورت میں ہی اپنی رہائش گاہوں سے باہرنکلیں۔ خارجی امور کی وزارت نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بنگلہ دیش میں رہنے والے بھارتی باشندوں سے درخواست کی ہے کہ وہ ڈھاکہ بھارتی ہائی کمیشن کی طرف سے جاری ایڈوائزی پر عمل کریں۔اِس دوران اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے بنگلہ دیش میں جاری تشدد پر گہری تشویش کا اظہارکیا ہے۔x

## India Russia air india Flight

San Francisco جانے والی ایئرانڈیا کی پرواز کے مسافروں کی مدد کرنے کیلئے، جس کی کل رات Krasnoyarsk میں ایمرجنسی لینڈنگ کی گئی تھی، روس میں تین سینئر اہلکاروں اور بھارتی سفارتخانے کے ایک اِنٹرپریٹر پر مشتمل ایک ٹیم Krasnoyarsk پہنچ گئی ہے۔یہ ٹیم ہوائی اڈے اورسکیورٹی اہلکاروں اور روسی وزارت خارجہ کے نمائندوں کے ساتھ رابطہ قائم کر رہی ہے تاکہ مسافروں کو ہرممکن مدد فراہم کی جا سکے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، سفارت خانے نے کہا کہ ٹیم Krasnoyarsk میں اس وقت تک رہے گی جب تک کہ ایئر انڈیا کا کوئی دوسرا طیارہ وہاں نہیں پہنچتا ہے ، تاکہ مسافر اگلے سفر پرروانہ ہوسکیں۔

## Trump- RNC- Speech

امریکہ کے سابق صدر اور ریپبلکن پارٹی کی طرف سے صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ نے آج، حال ہی میں پینسلوانیہ میں ایک ریلی کے دوران اُن کے قتل کی کوشش کے بعد امریکی عوام کی طرف سے، زبردست طریقے سے محبت اور حمایت دیئے جانے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ سابق امریکی صدر نے کہا کہ اُن کا عزم پختہ ہے اور وہ ایک ایسی حکومت فراہم کرنے کے پابند ہیں، جو امریکی عوام کی خدمت کرے۔ جناب ٹرمپ آج واشنگٹن کے Milwaukee شہر میں ری پبلکن نیشنل کنونشن میں تیسری مدت کے لئے صدر کے عہدے کی نامزدگی کو باقاعدگی سے قبول کرنے کے بعد اظہار خیال کررہے تھے۔ امریکی صدارت انتخابات اس سال نومبر میں کرائے جائیں گے۔ اُن پر کئے گئے ناکام قاتلانہ حملے کے بعد اپنی پہلی تقریر میں انھوں نے کہا کہ وہ امریکی عوام کے سامنے اعتماد، طاقت اور امید کے پیغام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اُن کے سماج میں اختلاف اور پھوٹ کوختم ہونا چاہیۓ۔ سابق صدر ٹرمپ نے غیر قانونی امیگریشن روکنے کا بھی وعدہ کیا ہے۔

## Stock Opening

شیئر مارکیٹ کا عدد اشاریہ آج کاروبار کے شروع میں نئی اونچائیوں کو پہنچ گیا۔ البتہ منافع کی یہ صورتحال برقرار نہیں رہ سکی اور بعد کے کاروبار میں عالمی مارکیٹس کی طرف سے کمزور رجحانات کے سبب کاروبار میں کمزوری پیدا ہوگئی۔ بامبے اسٹاک ایکس چینج میں سنسیکس، ابتدائی کاروبار کے وقت ابھی تک کی سب سے اونچی سطح 81 ہزار 588 پر پہنچ گیا۔ البتہ یہ اونچائی برقرار نہیں رہ سکی اور اِس میں 167 پوائنٹ کی کمی ہوکر یہ 81 ہزار 177 کی سطح پر آگیا۔نیشنل اسٹاک ایکس چینج کے نفٹی میں بھی 73 پوائنٹس کی کمی آئی اور یہ

24 ہزار 728 پر آگیا، جبکہ اس سے پہلے کاروبار کے آغاز میں یہ 24 ہزار 855 کی اونچائی پر تھا۔آج صبح کے کاروبار کے وقت ڈالر کے مقابلے، روپے کی قدر میں معمولی کمی آئی۔ روپے کے مقابلے امریکی ڈالر کے مقابلے پہلے 83 روپے 62 پیسے ہوئی اور بعد میں یہ 83 روپے 65 پیسے ہوگئی۔ x

**Mandaviya Kirt**

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا آج نئی دلی میں حکومت کی کھیلو انڈیا پہل کے دوسرے مرحلے کا آغاز کریں گے۔وزارت نے کہاہے کہ Kirti کی شروعات، جدید ICT آلات اور عالمی سطح پر بہترین طورطریقوں پرمبنی جامع طور پر ہنر کی شناخت کئے جانے کی خاطر طریقہ کار تیار کرنے کیلئے کی گئی ہے۔ اس نے مزید کہا کہ اس پہل کا مقصد ایک واحد پلیٹ فارم پر زمینی سطح پر ہنر کی شناخت کئے جانے کے عمل کو آسان بنانا ہے۔ اس پروجیکٹ کا مقصد اس میں شامل سبھی ریاستوں میں 25-2024 میں 20 لاکھ افراد کا جائزہ لینا ہے۔ اس سے قبل اس سال 12 مارچ کو چنڈی گڑھ میں Kirti کے پہلے مرحلے کا آغاز کیاگیاتھا، اِس میں 70 مراکز پر تین لاکھ 62 ہزار 683 اندراج کرائے گئے تھے۔کھیل کے 11 زمروں میں ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کا جائزہ لیاگیاتھا، اِن میں تیراندازی، ایتھلیٹکس، بیڈمنٹن، باکسنگ، فٹبال، ہاکی، کبڈی، کھوکھو، والی بال، ویٹ لفٹنگ اور کشتی شامل تھے۔

**UK Riots**

برطانیہ میں کل شام نزدیک کے Leeds شہر میں اُس وقت بد امنی پھیل گئی جب سیکڑوں کی تعداد میں وہاں کے باشندوں کی قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے ساتھ جھڑپیں ہوئیں اور انھوں نے پولیس کی گاڑیوں پر اینٹ پتھر پھینکے۔ ایک بس کو آگ لگا دی گئی اور پولیس کی ایک کار حملے کی زد میں آگئی، جس کے کھڑکیوں کے شیشوں کو توڑ دیا گیا اور گاڑی کو پلٹ دیا گیا۔ x

**Kwatra Us Ambassador**

سابق وزیرخارجہ سکریٹری ونے موہن کواترا کا تقرر امریکہ میں بھارت کے اگلے سفیر کے طور پر کیا ہے۔1988 بیچ کے آئی ایف ایس افسر،جناب کواترا کے جلد ہی عہدہ سنبھالنے کی توقع ہے۔ یہ عہدہ سفیر Tranjit Singh Sandhu کی سبکدوشی کے بعد سے خالی ہے۔x